# رمضان کے قضا روزے کے دوران حیض آجائے، تو کیا حکم ہے؟

**مجیب:** مفتی محمد قاسم عطاری

**فتوی نمبر:** HAB-0482

**تاریخ اجراء:** 20جمادی الاخری1446ھ/23دسمبر2024ء

## دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس بارے میں کہ ایک اسلامی بہن ہیں، جن پر پچھلے رمضان المبارک کے چھ روزے قضا ہیں، وہ قضا روزے رکھ رہی تھیں کہ تیسرے روزے کے دوران دوپہر میں حیض شروع ہو گیا، اب اس روزے کا کیا حکم ہے؟ اور اس کے بدلے کتنے روزے قضا کرنا ہوں گے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

پوچھی گئی صورت میں روزے کے دوران حیض آنے کی وجہ سے وہ روزہ فاسد ہو گیا، لہٰذا جس قضا روزے کی نیت سے روزہ رکھا تھا وہ اب بھی ذمہ پر لازم ہے اور صرف اسی ایک روزے کی قضا لازم ہو گی، قضا روزہ ٹوٹ جانے کی وجہ سے مزید قضا روزے کی قضا لازم نہیں۔

**روزے کے دوران حیض آنے کی وجہ سے روزہ فاسد ہو جاتا ہے،** چنانچہ علامہ ابراہیم حلبی علیہ الرحمۃ تحفۃ الاخیار میں لکھتے ہیں: "(حیض یمنع صوما) ای یمنع صحتہ ویحرمہ ویفسدہ" ترجمہ: حیض روزے سے مانع ہے یعنی روزے کے صحیح ہونے سے مانع ہے اور اس حالت میں روزہ حرام ہے اور یہ روزے کو فاسد کر دیتا ہے۔ (تحفۃ الاخیار علی الدر المختار، ص26، مخطوطہ)

در مختار میں ہے: "ولو شرعت تطوعا فیھما فحاضت قضتھما" ترجمہ: اگر عورت نے نفلی روزہ یا نفلی نماز شروع کی اور اس دوران حیض آ گیا تو نفلی نماز یا نفلی روزہ دونوں کی قضا کرے۔

اس کے تحت رد المحتار میں ہے: "أما الفرض ففي الصوم تقضيه" ترجمہ: رہا فرض روزہ! تو اس کی قضا بھی کرے گی۔ (رد المحتار علی الدر المختار، ج01، ص291، دار الفکر، بیروت)

بہارِ شریعت میں ہے: ”روزے کی حالت میں حیض یا نفاس شروع ہو گیا تو وہ روزہ جاتا رہا اس کی قضا رکھے، فرض تھا تو قضا فرض ہے اور نفل تھا تو قضا واجب۔“ (بہار شریعت، ج1، ص382، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

**قضا روزہ ٹوٹ گیا تو مزید قضا کی قضا لازم نہیں، صرف ایک روزہ لازم ہے،** علامہ شامی علیہ الرحمۃ منحۃ الخالق میں فرماتے ہیں: ”لو أفسد قضاء صوم رمضان فإنه لا يلزمه إلا قضاء يوم واحد“ ترجمہ: اگر کسی نے قضاءِ رمضان کا روزہ فاسد کر دیا، تو اس پر صرف ایک دن کی قضا لازم ہے۔ (منحۃ الخالق علی البحر الرائق، ج03، ص17، دار الکتاب الاسلامی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net